ASL-217 Noor-i-Islam - Hazrat Mirwaiz Molana Mohammad Yusuf Shah ke chand Tarikhi Karnamey. 1969 / 1389 H (07 pages) Falah-i-Aam Press Sgr.

ASL-218 Ah! Shahid-i-Millat Hazrat (Kashmir) Molana Marhoom Molvi Mohammad Farooq Mohd Yusuf Qureshi Mushtaq Book Depot Lal Chowk Sgr

ASL-219 Halat-i-Hazra Mein Qanoot-i-Nazila Bohut Zaroori Hai Dr. Ahmad Tawfeeq Lahore (04 pages) 1413 H / 1993 AD

حالاتِ حاضرہ میں دُعا

قنوتِ نازلہ

بہت ضروری ہے

ڈاکٹر احمد توفیق

۶۳ مزنگ روڈ، لاہور

اے مسلمانو!

اپنے خوابوں سے اٹھو۔ اپنے ایمان میں پختگی پیدا کرو۔ اپنے پیغمبر کی تعلیمات اور ان کی زندگی سے کچھ سبق حاصل کرو۔ اللہ تعالیٰ سے سربسجود اپنے گناہوں کی معافی مانگو کہ رب العزت نہ صرف ایمان میں پختگی عطا فرمائے گناہوں کی معافی عطا فرمائے اور مسلمانوں میں محبت اخوت اور اتحاد پیدا کرے نام کے مسلمانوں میں اسلام کا جذبہ عطا فرمائے اور لوگوں کے دلوں سے "ازم" کا قلع قمع کرے۔

اے مسلمانو! اپنے میں وہ جذبہ ایمانی پیدا کرو۔ نماز قائم کرو اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگو۔ اور اپنے بھٹکے ہوئے لوگوں کو صراطِ مستقیم کی طرف راغب کرو اور انہیں بتاؤ کہ اسلام میں صرف اسلام ہی رہ سکتا ہے اور اسلام کو ازم سے ملاوٹ کرنا ناجائز ہے بلکہ گناہ کبیرہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جو حکم صادر فرمایا ہے اس کا انسانی تخیلات اور دہریت مقابلہ نہیں کر سکتے۔ ہم کون ہیں جو اللہ تعالیٰ کے احکامات کی حکم عدولی کریں۔ حالاتِ حاضرہ کا مقابلہ ہم اتحاد اخوت اور عبادت سے کر سکتے ہیں اللہ تعالیٰ نے کچھ مخصوص دعائیں عطا فرمائی ہیں۔ اس وقت کی مخصوص دعا قنوتِ نازلہ ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ فجر کی نماز باجماعت ادا کی جائے۔ دوسری رکعت میں رکوع کے بعد سیدھا کھڑے ہو جائیں۔ دونوں بازو ساتھ لگے ہوئے ہوں امام قنوتِ نازلہ پڑھتا ہے اور اس کے اختتام پر سیدھا سجدے میں جا کر اپنی نماز پوری کریں جس وقت قنوت نازلہ پڑھی جا رہی ہو مقتدی آمین پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰھمَّ اھدِ نا فِیمَن ھدیتَ وَ عافِنا فِی مَن عافیتَ و توَلّنا فی مَن تولّیتَ وَ بارِکْ لَنا فی مَا اَعطیتَ وَ قِنا شَرَّ مَا قضیتَ فَانّکَ تقضی وَلا یقضی علیکَ اِنّہ لَا یَذِلُّ مَن وَّالیتَ وَلَا یعِزُّ مَن عادیتَ تبارکتَ رَبَّنا وَ تعالیتَ نستغفرکَ وَ نتوبُ وَصلّی اللّٰہ علی النبیّ الکریم اللّٰھمَّ اغفِرلَنا وَ لِلمؤمنینَ وَالمؤمناتِ وَالمسلمینَ وَالمُسلِماتِ وَ اَلِّف بینَ قلوبِھم وَ اَصلِح ذاتَ بینِھم وَانصُرھم علی عدوِّکَ وَعدُوِّھم اللّٰھمَّ قاتِلِ الکفرۃَ الَّذِینَ یجحدُونَ اٰیٰتِکَ وَیکذِّبُونَ رُسُلَکَ وَیصدُّونَ عَن سَبِیلِکَ وَیقاتِلُونَ اَولِیآءَکَ اللّٰھمَّ انصُرِ الاسلامَ وَالمسلمِینَ وَاخذُل اَعداءَھُم الیھودَ وَالنّصٰری وَالمُشرِکِینَ اللّٰھمَّ شتِّت شملَھُم وَفرِّق جمعَھم وَ خالِف بینَ کلِمتِھِم وَامحُ اٰثارَھُم وَاقطع دابِرَھُم وَانزِل بِھِم باسکَ الَّذِی لَا تَرُدُّہٗ عَنِ القومِ المُجرِمِینَ اللّٰھمَّ اَھلِکھُم کما اَھلکتَ عادًا وَّ ثمودَ اللّٰھمَّ خُذھُم اَخذَ عزِیزٍ مُقتدِرٍ

ترجمہ

یا اللہ مجھے صراطِ مستقیم کی راہ دکھا جس طرح تو نے دوسروں کو دکھائی۔ یا اللہ تو ہم کو سلامتی سے رکھ اور اسی گروہ میں شامل فرما جس کو تو نے سلامتی بخشی ہے۔ یا اللہ تو ہمیں اپنے تابعدار بندوں میں جگہ دے جن پر تیری خاص عنایات ہوں۔ جو کچھ تو نے ہمیں عنایت فرمایا ہے اس میں برکت عطا فرما۔ یا اللہ تو ہمیں ان برائیوں سے بچا جن برائیوں کو تو نے ممنوع فرمایا ہے۔ تو ہی ہمیں ان سے بچا سکتا ہے کہ ہم تیری حکم عدولی نہ کریں جس کسی کو تو نے راستہ دکھایا ہے وہ کبھی بھی غلط راستہ اختیار نہیں کر سکتا جس کسی نے تیری حکم عدولی کی وہ کبھی بھی نہیں پنپ سکتا۔ یا اللہ یا رب العزت تو بڑا بابرکت ہے اور تو ہی ہمارا خالق ہے۔ تجھ سے بڑا کوئی نہیں ہے ہم تجھ سے اپنے گناہوں کی معافی کے طالب ہیں اور تجھ سے درخواست کرتے ہیں کہ پیغمبر اسلام پر اپنی رحمتیں

برکتیں اور سلامتی عطا فرما۔ یارب ذالجلال ہم مسلمان مرد عورتوں کے گناہ معاف فرما
یا اللہ یارب العزت ہم مسلمان مرد اور عورتوں کو ایمان کی پختگی عطا فرما اور مسلمانوں کے
درمیان محبت اخوت اور یکجہتی پیدا کر۔ ان کو کفار کے خلاف غلبہ عطا فرما۔
فَنصُرنا علی القوم الکافرین، قوم الجاہلین، قوم الجابرین، قوم الظالمین، قوم الکاذبین اور قوم المنافقین
کا حکم صادر فرما۔ وہ لوگ جو تیری آیتوں سے انکار کرتے ہیں اور پیغمبرؐ اسلام کے احکامات
کے خلاف لوگوں کو بھڑکاتے ہیں ان لوگوں کا قلع قمع کر۔ اے رب العزت اسلام اور
مسلمانوں کی مدد فرما۔ اسلام کے دشمنوں کو بے یار و مددگار کردے۔ ان یہودیوں،
نصرانیوں اور بت پرستوں کا جو اسلام کے خلاف اتحاد ہے اسکو توڑ دے تاکہ
وہ علیحدہ علیحدہ ہو کر آپس میں لڑ مریں۔ ان کو صفحۂ ہستی سے مٹا دے۔ ان کی جڑیں اکھاڑ
دے اور ان پر اپنا قہر نازل فرما۔ ان کو عاد اور ثمود کی طرح مٹا دے۔ ان کی جڑیں اکھاڑ
دے اور ان پر اپنا قہر نازل فرما۔ ان کو عاد اور ثمود کی طرح مٹا دے یا اللہ تو ان کو
ایسی گرفت میں لے جس سے یہ چھٹکارا نہ پا سکیں۔

نماز کے اختتام پر استغفر اللہ کا ورد کریں۔ اور اس کے بعد یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اَنتَ السَّلَامُ وَمِنکَ السَّلَامُ حَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَاَدخِلنَا
دَارَ السَّلَامِ تَبَارَکتَ یَاذَا الجَلَالِ وَالاِکرَامِ ۞ سَمِعنَا وَاَطَعنَا غُفرَانَکَ
رَبَّنَا وَاِلَیکَ المَصِیرُ ۞

پھر سبحان الملک القدوس ۳۳ بار پڑھیں۔ سبحان اللہ ۳۳ بار پڑھیں، الحمدُ للہ ۳۳ بار
اور اللہ اکبر ۳۳ بار پڑھیں۔

آخر ...